# لَامُ الامر

Laamu Amar

اس سبق میں ہم جوازمِ المضارع" یا" الحروفُ الجازِمَۃ " (لم، لما، لِامِ امر، لانھی،) میں سے آخری حرف "لام الامر" کو پڑھیں گے۔

لام کئی طرح کے ہوتے ہیں۔"لام الامر" فعل مضارع سے پہلے آتا ہے۔اوراسے مجزوم کرتا ہے۔اسے لامُ مکسور (لِ) اور لامُ امر الغَائِب بھی کہتے ہیں۔

There are various types of Laam. Here we are dealing with Laamu Amar which occurs before Fail Mudare' and renders it Majzoom. It is also called لامُ مکسور (لِ) and لامُ امر الغَائِب.

ہم نے فعل امر کے سبق میں پڑھا کہ فعل امر مخاطب کو حکم دینے یا درخواست کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے فعل امر صرف چھ مخاطب کے صیغوں سے بنتا ہے۔کیونکہ حکم اس کو دیا جاتا ہے جو سامنے ہو۔مگر غائب کو حکم دینے کے لئے یا درخواست کرنے کے لئے فعل مضارع کے غائب کے چھ صیغوں اور دو متکلم کے صیغوں سے بھی امر بنایا جاتا ہے جس کو الامر الغائب کہتے ہیں۔

We have learnt that Fa'il Amar is used to give command or make request to the person spoken to. It is formed of only six segments of second person because order can be given only to someone present. But to give command to six segments of third person and two of first person, Amar is used from Fail Mudare' which is called امر الغَائِب.

## الامر الغائب بنانے کا طریقہ:

الامر الغائب (غائب کو حکم) بنانے کے لئے فعل مضارع سے پہلے 'لِ' لام مکسور (لام امر) کا اضافہ کیا جاتا ہے،اور فعل مضارع کا لام کلمہ ساکن ہو جاتا ہے۔مثلاً

Formation: To form امر الغَائِب Laam Maksur لِ which is called لامُ امر is brought before Fail Mudare'. e.g.

| الامر الحاضر | الامر الغائب |
|---|---|
| ↓ | ↓ |
| اُكْتُبْ (تو لکھ) | لِيَكْتُبْ (اسے چاہیے کہ) وہ لکھے |
| (You write!) | (He should write.) |


© copy rights reserved

## لام امر سے بھی فعل مضارع میں دو تبدیلیاں آتی ہیں۔ Laamu Amar brings two changes in Fa'il Mudare'.

1۔ یہ فعل مضارع کو مجزوم کرتا ہے کیونکہ یہ عامل حرف جوازم المضارع میں سے ہے۔

It renders Fa'il Mudare' Majzoom because it is a causative which gives Jazam.

2۔ لام امر سے فعل مضارع میں طلب امر کا معنی پیدا کرتا ہے اردو میں ترجمہ کرتے ہوئے 'چاہئے کہ کرے' کے الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔ اور انگلش میں should do کے الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔

It renders in Fa'il Mudare' a sense of demand for fulfilling a command expressing the meaning as 'should do'.

3۔ لام امر کسرۃ کے ساتھ ہوتا ہے اگر اس سے پہلے و، ثُمَّ، ف آ جائے تو یہ ساکن ہو جاتا ہے۔

Laamu Amar (لِ) is Maksur but if و، ثُمَّ، ف occur before it then it becomes Saakin. e.g. (Every student should sit and write.)

## فعل امر حاضر اور فعل مضارع امر غائب کا فرق

The Difference between Fa'il Amar Haazir and Fa'il Amar Ghayab:

| فعل امر حاضر | فعل مضارع امر غائب |
|---|---|
| 1۔ فعل امر صرف حاضر کو حکم یا درخواست دینے کے لئے آتا ہے۔ اس لئے امر مخاطب کے صیغوں سے خاص انداز میں بنایا جاتا ہے۔<br>It is used to give command or do request to second person. That's why it is made from second person segment in a particular way. | 1۔ فعل مضارع امر غائب میں غائب اور متکلم کے صیغے استعمال ہوتے ہیں اور غائب اور متکلم کو حقیقت میں حکم نہیں دیا جا سکتا اس لئے اس میں کام کے کرنے کی چاہت ہوتی ہے جو کہ امر کے قریب ہے۔<br>It is used to give command or do request to Ist person or third person. As a direct command or request can never be made to first or third person امر غائب denotes only a wish for something being done. |
| 2۔ فعل امر ایک مستقل فعل ہے۔<br>It is a permanent form of verb. | 2۔ امر غائب و متکلم دراصل کوئی مستقل فعل نہیں بلکہ یہ مضارع پر لام امر لگا کر بنایا جاتا ہے۔<br>It is not a permanent form of verb. It is formed by adding لام اَمر to فعل مضارع. |
| 3۔ فعل امر کا کوئی عامل نہیں ہوتا۔<br>It does not have any causative/ governing word. | 3۔ فعل مضارع امر غائب و متکلم کا عامل "لِ" 'لام امر ہوتا ہے۔<br>لام مَکسُور or لام اَمر is the causative of this form. |
| 4۔ فعل امر میں صرف حکم یا درخواست ہے۔<br>It contains only command or request. | 4۔ امر غائب و متکلم میں تاکید بھی ہے اور طلب بھی ہے۔<br>Besides command or request, it contains a wish as well as emphasis. |


© copy rights reserved

| | |
|---|---|
| 5۔ فعل امر مبنی ہے۔ It is fixed مبنی | 5۔ امر غائب و متکلم معرب ہے اس کا اعراب مجزوم ہے۔<br>It is declinable and its earab is majzoom. |

آپ نے پڑھا کہ " الحروفُ الجازِمَة " (لم، لما، لامِ امر، لانھی،) فعل مضارع سے پہلے آجائیں تو اس میں دو طرح کا عمل کیا کرتے ہیں: ایک لفظی اور دوسرا معنوی۔ لفظی طور پر مجزوم کرتے ہیں۔ لیکن ان کے علاوہ بھی کچھ کلمات ہیں جو فعل مضارع کو جزم دیتے ہیں۔

Sometimes such particles occur before Fai'l Mudare' as they give Jazam to it. They are called Kalimaate Jaazimah. Preceding before Mudare', they act in two ways: word wise and meaning wise.

## کلمات جازمہ کی دو قسمیں ہیں: They are of two types:

1۔ جو ایک فعل کو جزم دیتے ہیں۔ Those giving Jazam to one Fai'l,

2۔ دوسرے جو دو فعلوں کو جزم دیتے ہیں۔ Those giving Jazam to two Afa'al.

کلمات جازمہ جو ایک فعل کو جزم دیتے ہیں یہ پانچ ہیں۔ Kalimaate Jazimah giving Jazam to one Fai'l are these five:

**لم، لما، لامِ امر، لانھی، ادواتِ طلب**

ان میں سے " لم، لما، لامِ امر، لانھی " کے قواعد آپ نے پڑھ لیے ہیں۔ اس سبق میں آپ " ادوات طلب " کے بارے میں پڑھیں گے۔ دو فعلوں کو جزم دینے والے کلمات جازمہ کو ہم بعد میں پڑھیں گے۔

 © copy rights reserved 